نہم لاہور بورڈ 2008ء

پرچہ: اسلامیات اختیاری (پہلا گروپ) (انشائیہ طرز)

کل نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

(سیکشن اول)

-2 درج ذیل میں سے کوئی سے پندرہ (15) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (30)

(i) مضامین قرآن میں سے صرف چار کے نام لکھیے۔

(ii) قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے چار لکھیے۔

(iii) دَاعِیَ اِلَی اللّٰہِ کا مفہوم واضح کیجیے۔

(iv) درج الفاظ کے معنی لکھیے: لِیُظْهِرَهٗ ۔ تَوَکَّلْتُ ۔ تَنْزِعُ ۔ اَلْقُدُّوْسُ ۔

(v) فضیلت قرآن کے بارے میں کسی حدیث کا ترجمہ لکھیے۔

(vi) آنحضرتؐ کے شاہد ہونے کے دو پہلوؤں کی وضاحت کیجیے۔

(vii) قرآن کریم میں قصص بیان کرنے کے کیا مقاصد ہیں؟

(viii) حیا سے کیا مراد ہے؟

(ix) اسلام نے بوڑھوں کی عزت کرنے کا حکم کیوں دیا ہے؟

(x) ترجمہ کیجیے: صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ

(xi) نماز کی اہمیت میں کسی حدیث کا ترجمہ لکھیے۔

(xii) قریش مکہ نے آپؐ سے کیا کیا معجزات طلب کیے؟

(xiii) اپنے والد کا خواب سن کر حضرت اسمٰعیلؑ نے کیا جواب دیا؟

(xiv) سال غم پر نوٹ لکھیے۔

(xv) کس جنگ میں آنحضرتؐ کے چہرہ مبارک پر زخم آئے؟ اس جنگ میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

(xvi) حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا کیا نام تھا؟ اس کا کیا انجام ہوا؟

(xvii) دوسری ہجرت حبشہ میں کتنے مرد اور عورتیں شامل تھیں؟

(xviii) چار "اولوالعزم" انبیاءؑ کے نام لکھیے۔

(xix) قریش کے وفد کی شکایت پر آنحضرتؐ نے حضرت ابوطالب کو کیا جواب دیا؟

(xx) مونث معنوی کی تعریف کیجیے اور ایک مثال بھی دیجیے۔

(xxi) کلمہ کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی ایک ایک مثال بھی دیجیے۔

(xxii) جمع سالم مونث کیسے بنائی جاتی ہے؟ ایک مثال سے واضح کیجیے۔

(سیکشن دوم)

-3 درج ذیل قرآنی آیات میں سے کوئی سے دو اجزا کا ترجمہ اور تشریح کیجیے:

(ا) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ص

(ب) وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ہ

(ج) لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ ۔

-4 درج ذیل احادیث نبویؐ میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح کیجیے: (5)

(ا) رَاْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ ۔

(ب) اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ ۔

-5 درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے: (5,5)

(ا) حضرت ابراہیمؑ کی تبلیغی مساعی پر نوٹ لکھیے۔

(ب) جنگ احزاب پر نوٹ لکھیے۔

(ج) اخلاق نبویؐ پر جامع نوٹ لکھیے۔

-6 درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے: (5)

(ا) اسم معرفہ کی تعریف کیجیے اور مثالیں بھی دیجیے۔

(ب) تثنیہ کی تعریف مع امثال لکھیے۔

www.ilmkidunya.com